**20.12.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..........شگفتہ یاسمین

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے گواہاٹی میں لوک پریہ گوپی ناتھ **Bardoloi** بین الاقوامی ہوائی اڈّے کی نئی ٹرمنل عمارت کا افتتاح کیا اور کہا کہ آسام، وکست بھارت کیلئے ایک انجن بننے کی راہ پر گامزن ہے۔

☆ وزیر اعظم نے مغربی بنگال میں تقریباً 3ہزار 200 کروڑ روپے مالیت کے قومی شاہراہوں کے پروجیکٹوں کا آغاز بھی کیا۔

☆ سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے موٹاپے کے صحتِ عامہ کے سنگین چیلنج سے مؤثر طور پر نمٹنے کی خاطر جامع رویہ اختیار کیے جانے پر زور دیا ہے۔

☆ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل **Antonio Guterres** نے بنگلہ دیش میں سبھی فریقوں پر زور دیا ہے کہ وہ ضبط وتحمل سے کام لیں اور تشدد سے گریز کریں۔

☆ بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ **BCCI** نے اگلے سال فروری میں شروع ہونے والے **ICC** ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ کیلئے سوریہ کمار یادو کی زیرِ کمان بھارتی ٹیم کا اعلان کر دیا ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں **Hangzhou** میں ساتوِک سائی راج اور چراغ شیٹی کی ڈبلز کی جوڑی **BWF** ورلڈ ٹور فائنلز کے سیمی فائنل میں **Liang** اور **Wang** کی چین کی جوڑی سے ہار گئی ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Assam Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج آسام میں گواہاٹی میں لوک پریہ گوپی ناتھ **Bardoloi** بین الاقوامی ہوائی اڈّے کی نئی ٹرمنل عمارت کا افتتاح کیا۔ انھوں نے ہوائی اڈّے کے نئے ٹرمنل کے باہر آسام کے پہلے وزیراعلیٰ گوپی ناتھ **Bardoloi** کے 80فُٹ اونچے مجسّمے کی نقاب کشائی بھی کی۔ نئے ٹرمنل کی عمارت تقریباً ایک لاکھ 40 ہزار مربع میٹر سے زیادہ کے علاقے میں پھیلی ہوئی ہے اور اس کا ڈیزائن اِس طرح تیار کیا گیا ہے کہ سالانہ ایک کروڑ 30لاکھ تک مسافر ہوائی جہازوں کی پروازوں میں سفر کیلئے اس کا استعمال کرسکیں گے۔ آسام کے حیاتیاتی تنوع اور ثقافتی وراثت سے ترغیب حاصل کرکے نئی ٹرمنل عمارت بنائی گئی ہے۔

گواہاٹی میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ گذشتہ 11سال کے دوران ریاست میں لاکھوں کروڑ روپئے مالیت کے بنیادی ڈھانچے کے کئی بڑے اور تاریخی پروجیکٹ شروع کئے گئے اور مکمل بھی کرلئے گئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ مرکزی سرکار مشرق کا رُخ کرنے کی پالیسی کے تحت آسام کو ترجیح دیتی ہے اور یہ ریاست وکست بھارت کیلئے ایک انجن ثابت ہوگی۔ جناب مودی نے کہا کہ آسام کی ترقی میں آج ایک نئے باب کا اضافہ ہو رہا ہے اور یہ صرف آسام کی نہیں بلکہ پورے شمال مشرقی خطے کی ترقی کا جشن ہے۔

**S/B 1705 PM Assam Ka Vikas**

اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے آسام کے وزیراعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے کہا کہ لوک پریہ گوپی ناتھ Bardoloi بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر نئے ٹرمنل کا افتتاح ریاست کی ترقی کی سمت ایک تاریخی قدم ہے۔وزیر اعظم نے شہر میں BJP ہیڈکوارٹرس تک ایک روڈ شو کی قیادت بھی کی اور پارٹی کارکنوں سے گفتگو کی۔جناب مودی کل ایک کروز بحری جہاز میں سوار ہوکر برہمپتر دریا سے گذرتے ہوئے اپنے پروگرام پریکشا پے چرچا میں 25اسکولی طلبا کے ساتھ گفتگو کریں گے۔x

## PM West Bengal

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج مغربی بنگال کے Nadia ضلع میں رانا گھاٹ کے مقام پر تقریباً 3ہزار 200 کروڑ روپئے مالیت کے قومی شاہراہوں کے دو پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔ وزیر اعظم نے Nadia ضلع میں قومی شاہراہ نمبر 34کے چار لین والے بنائے گئے 66اعشاریہ7 کلو میٹر طویل Barajaguli کرشنا نگر سیکشن کا افتتاح کیا۔ جناب مودی نے ریاست کے شمالی 24پرگنہ ضلع میں قومی شاہراہ نمبر 34کے 17 اعشاریہ6 کلو میٹر طویل باراسات—Barajaguli کوچارلین والابنائے جانے کے کام کاسنگ بنیادبھی رکھا۔ یہ پروجیکٹ کولکاتہ اور سِلی گڑی کے درمیان ایک اہم رابطے کے طور پر کام کریں گے۔اِن سے سفر میں لگنے والا وقت تقریباً2 گھنٹے کم ہوجائے گا اور گاڑیوں کی آمد ورفت میں بھی تیزی آئے گی اور سہولت ہوجائے گی۔ جناب مودی نے کہا کہ اِن پروجیکٹوں سے خطے میں معاشی ترقی کو بڑھاوا ملے گا اور خطے میں سیاحت کے فروغ کو تقویت حاصل ہوگی۔

**S/B 1505 PM Connetivity**

کولکاتہ سے فون پر Nadia ضلع میں طاہرپور میں پریورتن سنکلپ سبھا سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے الزام لگایا کہ حکمراں پارٹی کی بدعنوانی، اقربا پروری اور خوشنودی حاصل کرنے کے رویّے سے ریاست میں ترقی کے عمل میں رکاوٹ پڑی ہے۔اِس سے قبل گھرے کُہرے کی وجہ سے وزیر اعظم کا ہیلی کاپٹر جلسے کے مقام پر عارضی Helipad پر نہیں اُترسکا اور اس کی وجہ سے اُنھیں کولکاتہ ہوائی اڈّے واپس آنا پڑا۔
پیش ہے ایک رپورٹ...

**VC Kalyan Laha**

وزیر اعظم نریندر مودی نے قومی گیت وندے ماترم کا حوالہ دیا اور کہا کہ 21ویں صدی میں ملک کی وکست بھارت کے طور پر تعمیر کیلئے یہ گیت ایک راشٹریہ منتر ہے۔ پرورتن سنکلپ سبھا سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے

کہا کہ ترنمول کانگریس، BJP کے خلاف احتجاج کرسکتی ہے لیکن اسے مغربی بنگال میں ترقی کے عمل میں رکاوٹ پیدا نہیں کرنی چاہیے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بنگال اور بنگالی زبان نے بھارت کے کلچر کو مالا مال کیا ہے اور مرکز، مغربی بنگال کی ترقی کے تئیں عہد بستہ ہے۔

کولکتہ سے کلیان Laha کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں شبانہ بیگم

## PM Shivraj Article

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان کا ایک مضمون شیئر کیا ہے، جس میں وکست بھارت— جی رام جی بل کے مقصد کو اجاگر کیا گیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ مذکورہ بل کا مقصد، جدید طرز کے روزگار گارنٹی فریم ورک کے ذریعے دیہی علاقوں میں روزی روٹی کے عمل کی کایا پلٹ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناب چوہان نے بتایا ہے کہ مذکورہ بل میں زرعی پیداوار کو بہتر بناتے ہوئے، مقامی منصوبہ بندی کو منسلک کرکے، بہبود کی اسکیموں کو مربوط کرکے اور اصل صلاحیت میں اضافہ کرتے ہوئے کارکنوں کی سکیورٹی کو مستحکم بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔وزیر اعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ مذکورہ بل، سماجی بہبود کے تعلق سے قدم پیچھے ہٹانے کیلئے نہیں بلکہ اِس کی تجدید کیلئے ہے اور یہ ترقی یافتہ اور خود کفیل دیہی بھارت کے نظریے کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے۔ x

## Shivraj Awards

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ وکست بھارت— جی رام جی بل سے نہ صرف کسانوں اور کارکنوں کو فائدہ ہوگا بلکہ یہ ہر پہلو سے گاؤوں کی ترقی سے منسلک ہے۔ وزیر موصوف نے آج نئی دلّی میں چودھری چرن سنگھ ایوارڈز 2025 کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب چوہان نے بتایا کہ وزارت، ایک مضبوط نظام قائم کرنے کی خاطر 2026-27 کے نئے بجٹ کیلئے زراعت کے شعبے میں تجویزیں طلب کر رہی ہے۔ وزیر موصوف نے Chintan Shivir قائم کیے جانے کو اجاگر کیا تاکہ متعلقہ اسکیمیں مؤثر انداز سے تیار کرنے کی خاطر کسانوں، ماہرین اور زرعی سائنسدانوں کو ایک ساتھ لایا جاسکے۔

## President

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے زور دے کر کہا ہے کہ رحمدلی، رواداری، باہمی احترام اور اجتماعی ذمے داری، محض ماضی کے نظریات نہیں بلکہ مضبوط اور ہم آہنگ جدید دنیا کی ضروری بنیاد ہیں۔ تلنگانہ کے حیدر آباد میں Gachibowli میں ایک پروگرام میں اظہار خیال کرتے ہوئے محترمہ دروپدی مرمو نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ترقی یافتہ بھارت کے نظریے کیلئے اخلاقی دانشمندی کے ساتھ جدید تعلیم اور ماحولیاتی ذمے داری کے ساتھ اختراع کے امتزاج کی ضرورت ہے۔

**S/B: President Droupadi Murmu**

**Vice President**

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے بھرتی کے عمل کے دوران امیدواروں کی قابلیت اور شمولیت پر زور دیا ہے۔ حیدرآباد میں اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن کے چیئرپرسن صاحبان کی دو روزہ قومی کانفرنس کے اختتامی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر نے کہا کہ ریاستی پبلک سروس کمیشن اس میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔ جناب رادھا کرشنن نے کہا کہ یہ ادارے آنے والی دہائیوں کیلئے ملک کا مستقبل طے کرتے ہیں۔x

**Jitendra Obesity**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے موٹاپے سے مؤثر طور پر نمٹنے کیلئے جامع رویہ اختیار کیے جانے پر زور دیا ہے۔ وزیر موصوف نے آج نئی دلّی میں موٹاپے کے بارے میں دو روزہ ایشیا Oceania کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انھوں نے وزن کم کرنے یا موٹاپے کی روک تھام کی دواؤں کا استعمال ٹھیک ڈھنگ سے کیے جانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت میں 63 فیصد اموات، غیر متعدی بیماریوں سے ہوتی ہیں اور کسی نہ کسی طرح اِن کا تعلق موٹاپے سے ہوتا ہے۔ x

**Vaishnaw Electronics**

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ موجودہ مالی سال کے پہلے 8مہینوں میں ملک کی الیکٹرانکس برآمدات 31ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہیں۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر ایک انگریزی اخبار کے مضمون کو شیئر کرتے ہوئے، وزیرِ موصوف نے کہا کہ موجودہ مالی سال کے دوران بھارت کی چوٹی کی 30برآمدی اشیاء اور سامان میں الیکٹرانکس شعبہ سب سے تیز رفتار ترقی کرنے والا شعبہ ہے اور اِس میں گذشتہ سال کے مقابلے 38فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ اِس ترقی سے ملازمت کے مواقع پیدا ہوئے ہیں اور ہنرمندی نیز ٹیکنالوجی کی منتقلی کو تقویت ملی ہے۔x

**Bhopal Metro**

مدھیہ پردیش کے شہر بھوپال میں آج سے میٹرو ٹرین خدمات باضابطہ طور پر شروع ہوگئی ہیں۔ ہاؤسنگ اور شہری امور کے مرکزی وزیر منوہر لال Khattar اور ریاست کے وزیر اعلی ڈاکٹر موہن یادو نے جدید طرز کی میٹرو ریل سروس کا مشترکہ طور پر افتتاح کیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ ......

**VC Rashid Ahmed Khan**

آج بھوپال کیلئے ایک تاریخ ساز دن ہے۔ میٹرو ٹرین پروجیکٹ کے باضابطہ اعلان کے محض 8سال بعد، جھیلوں کے شہر میں میٹرو ٹرین خدمات شروع ہوگئی ہیں۔ مرکزی وزیر منوہر لال کھٹّر اور وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے ریاستی راجدھانی میں سبھاش نگر میٹرو اسٹیشن سے پہلی میٹرو ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس اہم موقع پر جناب

کھٹّر نے کہا کہ بھوپال اپنی ترقی کی داستان میں ایک نیا باب رقم کر رہا ہے۔

یہ پورا میٹرو پروجیکٹ بھوپال کے باشندوں کی زندگی کے معیار کو مجموعی طور پر بہتر کرنے اور ٹریفک کی بھیڑ میں نمایاں کمی لانے کے مقصد سے شہر کے اہم تجارتی اور رہائشی علاقوں کو جوڑنے کی غرض سے وضع کیا گیا ہے۔

بھوپال سے راشد احمد خان کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد اعظم خان

## Bangladesh UN

اقوامِ متحدہ کے سکریٹری جنرل Antonio Guterres نے بنگلہ دیش میں سبھی فریقوں پر زور دیا ہے کہ وہ ضبط وتحمل سے کام لیں، کشیدگی کم کریں اور تشدد سے گریز کریں۔ وہاں اگلے سال فروری میں پارلیمانی انتخابات ہونا ہے۔ یوتھ لیڈر شریف عثمان بن ہادی کی ہلاکت کی مذمت کرتے ہوئے، اقوامِ متحدہ کے سربراہ نے بنگلہ دیش کے حکام سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ انسانی حقوق کے بین الاقوامی معیارات کے عین مطابق فوری اور غیرجانبدارانہ تحقیقات کرائیں۔ اقوامِ متحدہ ہیڈکوارٹرس میں معمول کی بریفنگ کے دوران سکریٹری جنرل کے پیغام سے مطلع کیا گیا۔ بنگلہ دیش میں عثمان ہادی کی موت کے بعد سے کئی ضلعوں سے آتش زنی اور تشدد کے واقعات کی اطلاعات سامنے آئی ہیں اور پورے ملک میں احتجاج اور مظاہرے ہوئے ہیں۔ x

## India Squad

آئی سی سی ٹی–ٹوینٹی ورلڈ کپ کیلئے 15 کھلاڑیوں پر مشتمل بھارتی ٹیم کا اعلان کردیا گیا ہے۔ بھارت کے کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے آج اعلان کیا کہ سوریہ کمار یادو ٹیم کے کپتان ہوں گے، جبکہ شُبھ مَن گِل کو Fitness اور اُن کی Form کے تعلق سے تشویش کے تناظر میں ٹیم میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔ وہ ابھی تک ٹی–ٹوینٹی ٹیم کے نائب کپتان تھے۔ اِس طرح اب Axar پٹیل پھر سے ٹیم کے نائب کپتان ہوں گے، جبکہ دوسرے وکٹ کیپر اور بلے باز کے طور پر اِیشان کِشن ٹیم میں واپس آگئے ہیں۔ICC ٹی–ٹوینٹی ورلڈ کپ اگلے سال 7فروری سے شروع ہو رہا ہے اور یہ 8مارچ تک جاری رہے گا۔x

## Badminton

بیڈمنٹن میں چین کے شہر Hangzhou میں ساتوِک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی ڈبلز کی بھارتی جوڑی BWF ورلڈ ٹور فائنلز کے سیمی فائنل میں Liang اور Wang کی چین کی جوڑی سے ہار گئی۔ اُنھیں چین کی جوڑی نے اکیس–دس، سترہ–اکیس اور تیرہ–اکیس سے ہرایا۔ x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے مغربی ہمالیائی خطے میں اگلے تین دن کے دوران برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق جموں وکشمیر اور لداخ میں کل کہیں کہیں شدید برفباری ہونے کا امکان ہے۔

موسمیات محکمے نے مشرقی اتر پردیش، جھارکھنڈ اور بہار میں موسم سرد رہنے کے امکان کے مدنظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ اس کے علاوہ دلّی، اتراکھنڈ، ہریانہ، چنڈی گڑھ، مغربی اتر پردیش، شمالی مدھیہ پردیش اور بہار میں بھی کہیں گہرا اور کہیں بہت زیادہ گہرا کُہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆